ABC certified

ملک دشمنوں کے خلاف ننگی تلوار۔ قلم کے مزدوروں کا اتحاد

DAILY Qiyyam Lahore

روزنامہ قیام لاہور پاکستان

چیف ایڈیٹر ایس ایم شاہ

ایڈیٹر تسبیل احمد

قیمت 15 روپے

Email:dailyqiyyam@gmail.com

جلد 9 جمعرات، 21 مارچ 2024ء، 10 رمضان المبارک 1445ھ شمارہ 69

## وفاقی محتسب آفس بہاولپور کے کمشنر IRD باسط عزیز خان ریجنل آفس بہاولپور میں


# وفاقی محکموں کے خلاف دائر کی گئی شکایات کی سماعت

### میپکو، PTA, FIA کے خلاف 149 شکایات کو سنا اور میپکو کے صارفین کو مجموعی طور پر 13,25000 تیرہ لاکھ پچیس ہزار روپے سے زائد کا ریلیف مہیا کیا

### 30 گھریلو بجلی کے خراب میٹرز کی فوری تبدیلی کے احکامات صادر کیے 2 . تھری فیز میٹرز کی تبدیلی کے احکامات جاری کیے

### فورٹ عباس کے 4 ٹرانسفارمرز کو 50kv سے 100kv میں تبدیلی اور 4 عدد LT پولز کی فوری تبدیلی کے احکامات جاری کیے

### چشتیاں کے عوامی سماجی حلقوں کا باسط عزیز خان کمشنر وفاقی متصب بہاولپور کی بہترین اور اعلیٰ کارکردگی کو سراہتے ہوئے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا



چشتیاں (محمد سلیم اختر بھٹی سے) تفصیلات کے مطابق ۔کمشنر باسط عزیز خان نے گزشتہ روز ریجنل آفس بہاولپور میں لوگوں کی وفاقی محکموں کی بدانتظامی کے خلاف دائر کی گء شکایات کو متعلقہ محکموں کے افسران کی موجودگی میں سنا اور موقعہ پر ہی ریلیف دینے کے احکامات صادر کیے ۔انہوں نے میپکو، PTA, FIA کے خلاف 149 شکایات کو سنا اور میپکو کے صارفین کو مجموعی طور پر-/ 13,25000 تیرہ لاکھ پچیس ہزار روپے سے زائد کا ریلیف مہیا کیا۔ 30 گھریلو بجلی کے خراب میٹرز کی فوری تبدیلی کے احکامات صادر کیے 2 . تھری فیز میٹرز کی تبدیلی کے احکامات جاری کئے .فورٹ عباس کے 4 ٹرانسفارمرز کو 50kv سے 100kv میں تبدیلی اور 4 عدد LT پولز کی فوری تبدیلی کے احکامات جاری کیے۔ پی ٹی اے، کے افسران کو نیٹ کی سپیڈ کے بابت پبلک کی شکایات فلفور دور کرنے کے احکامات جاری کیے۔ FIA کے افسران کو پبلک کے ساتھ آن لائن فراڈ کی شکایات کو فوراحل کرنے کے احکامات جاری کیے ۔لوگوں نے وفاقی محتسب آف پاکستان اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ مزید براں باسط عزیز خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئےکہا کہ ادارہ وفاقی محتسب درخواست دہندہ کو ریلیف مہیا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے اور موقعہ پر متعلقہ آفیسر سے رپورٹ طلب کر کے فوری ریلیف فراہم کر دیا دیا جاتا ہے .مزید یہ کہ 60 دن کے مختصر سے عرصے میں بغیر کسی فیس اور وکیل کے فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور بمطابق پالیسی مناسب ریلیف دیا جاتا ہے چشتیاں کے عوامی سماجی حلقوں کا باسط عزیز خان کمشنر وفاقی متصب بہاولپور کی بہترین اور اعلیٰ کارکردگی کو سراہتے ہوئے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔